نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت چاول کی فصل کی مینجمنٹ کے سلسلہ میں قائم صوبائی کمیٹی کا ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اجلاس

اب تک 24 لاکھ ایکڑ رقبہ پر دھان کی کٹائی مکمل ہو چکی ہے۔کاشتکاروں کو چاول کی فصل کی نگہداشت کے لیے مرحلہ وار رہنمائی فراہم کی جارہی ہے۔افتخار علی سہو

لاہور **21** اکتوبر **2025**: چاول کی صوبائی سطح کی مینجمنٹ کمیٹی کا اجلاس سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرصدارت لاہور میں منعقد ہوا۔اجلاس میں محکمہ زراعت کے افسران، پی سی پی اے، کراپ لائف، رائس ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن، ترقی پسند کاشتکاران اور دیگر متعلقہ اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔

اجلاس کے دوران دھان کی فصل کی موجودہ صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ باسمتی چاول پنجاب کی پہچان ہے۔انہوں نے بتایا کہ صوبہ پنجاب میں اس سال دھان کی فصل 6 ملین ایکڑ سے زائد رقبہ پر کاشت کی گئی ہے جبکہ اب تک 24 لاکھ ایکڑ رقبہ پر دھان کی کٹائی مکمل ہو چکی ہے۔افتخار علی سہو نے کہا کہ دھان پر زرعی زہروں کے محفوظ استعمال کو یقینی بنایا گیا ہے اور کاشتکاروں کو چاول کی فصل کی نگہداشت کے لیے مرحلہ وار رہنمائی فراہم کی جارہی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ دھان کی ہارویسٹنگ جدید مشینری سے کرانے کے حوالے سے کاشتکاروں کو رہنمائی فراہم کی جارہی ہے تاکہ پیداوار کے ضیاع میں کمی لائی جاسکے۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے کاشتکاروں پر زور دیا کہ دھان کی کٹائی کے بعد گندم کی کاشت بذریعہ سُپر سیڈر کی جائے تاکہ دھان کی باقیات کو جلانے سے اجتناب ہو اور فضائی آلودگی میں کمی لائی جا سکے۔انہوں نے مزید کہا کہ ہائی ٹیک زرعی مشینری کی خریداری کے لیے وزیراعلیٰ پنجاب ہائی ٹیک بینک فائنانسنگ پروگرام جاری ہے اور اس پروگرام کے تحت درخواستوں کی وصولی کا عمل بھی جاری ہے۔

☆☆☆☆